Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 6 Short Questions Preparation

Q1. دیہی سیاست میں برادری کا کردار بیان کریں.

Ans 1: دیہی سیاست میں برادری کا کردار بہت اہم ہے.سیاسی آدمی کی کامیابی اور ناکامی میں برادری کا بھر پور کردار ہوتا ہے.برادری جس کی حمایت کرے وہ جیت جاتا ہے برادری جس کی مخالف کرے اس کی ہار یقینی ہوتی ہے.

Q2. چک یا گاؤں سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: بستی جب زیادہ لوگوں پر محیط ہو جائے ،افراد کی تعداد زیادہ ہو جائے اور اس میں بنیادی ضروریات زندگی کی چیزوں میں اضافہ ہو جائے تو ایسے علاقہ کو چک یو گاؤں کہتے ہیں.

Q3. ازواجی حیثیت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ازواجی حیثیت سے مراد شادی شدہ زندگی ہے جس میں خاوند بیوی بچے اور شوہر اکھٹے رہتے ہیں.

Q4. امت کی تعریف کریں.

Ans 1: مذہبی یکسانیت کی بنا پر کسی معاشرہ کے افراد امت یا ملت کہلاتے ہیں.جیسے دنیا کے تمام معاشروں کے افراد جو مسلمان ہیں امت مسلمہ کہلا تے ہیں.

Q5. عطائی منصب کیا ہوتا ہے؟

Ans 1: عطائی منصب سے مراد وہ منصب ہے جو پیدائشی طور پو کسی فرد کو خود بخود حاصل ہوتا ہے،فرد اس کے حصول کے لیے کوشش نہیں کرتا.

Q6. عطا شدہ منصب کیا ہوتا ہے؟

Ans 1: عطائی منصب سے مراد وہ منصب ہے جو پیدائشی طور پو کسی فرد کو خود بخود حاصل ہوتا ہے،فرد اس کے حصول کے لیے کوشش نہیں کرتا.

Q7. منصب اور کار منصب کا تعلق لکھیں.

Ans 1: منصب اور کار منصب ایک دوسرے سے اس طرح تعلق رکھتے ہیں جیسے ایک ورق کے دونوں صفحات یعنی دونوں کو بھی کسی طرح ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا.

Q8. اکتسابی منصب سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اکتسابی منصب کو حاصل کردہ یا تحصیلی منصب بھی کہتے ہیں.اس کے حاصوول کے لیے فرد کو خاص صلاحیتوں کی ضرورت پڑتی ہے.انفرادی صلاحیتوں اور محنت کی بنا پر ہر فرد کی اکتسابی یا تحصیلی منصب حاصل ہوتا ہے.

Q9. عطا شدہ منصب کی کوئی سی چار مثالیں لکھیں.

Ans 1: 1.حسب و نسب 2.ذات 3.مذہب 4.جنس یعنی مرد عورت

Q10. خاندان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: میاں،بیوی اور ان کے بچے اگر ہوں تو سب مل جل کر جب اپنی معاشرتی زندگی اکھٹی گزاریں تو اسے ہم خاندان یا کنبہ کہتے ہیں.